NSW GOVERNMENT

NSW Health

نیو ساؤتھ ویلز میں اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت

Voluntary assisted dying in NSW — **Urdu**

نیو ساؤتھ ویلز میں اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت کے عمل میں **11 مراحل** ہیں۔ آپ یہ عمل کسی بھی وقت عارضی یا مستقل طور پر روک سکتے ہیں۔

مرحلہ 1. آپ ڈاکٹر سے اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت **کی پہلی درخواست** کرتے ہیں۔

مرحلہ 2. ایک کوآرڈینیٹنگ ڈاکٹر **پہلی اسیسمنٹ** (جائزہ) مکمل کرتا ہے۔

مرحلہ 3. ایک اور ڈاکٹر **کنسلٹنگ اسیسمنٹ** (صلاح دینے کے لیے جائزہ) کرتا ہے

مرحلہ 4. آپ ایک **تحریری اقرار نامہ** مکمل کرتے ہیں

مرحلہ 5. آپ ڈاکٹر سے اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت **کی حتمی درخواست** کرتے ہیں۔

مرحلہ 6. آپ کا کوآرڈینیٹنگ ڈاکٹر ایک **فائنل ریویو (حتمی غور)** مکمل کرتا ہے

مرحلہ 7. اپنے ڈاکٹر کی مدد سے آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ **دوائی کس طرح لیں گے**

مرحلہ 8. آپ کا ڈاکٹر **دوائی کی آتھرائزیشن** کی درخواست دیتا ہے۔ اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت کا نگران بورڈ منظوری دیتا ہے

مرحلہ 9. آپ کا ڈاکٹر **دوائی کا نسخہ دیتا ہے**

مرحلہ 10. اگر آپ دوائی لینے کا فیصلہ کریں، تو فیصلہ کرنے کے بعد آپ خود **دوائی** لیتے ہیں یا یہ آپ کو دی جاتی ہے

مرحلہ 11. **موت کا سرٹیفکیٹ** جاری کیا جاتا ہے

نیو ساؤتھ ویلز میں اپنی مرضی کے ساتھ موت کے لیے رہنمائی کی سروس

ایک فون لائن ہے جو اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت کے انتخاب کے متعلق سوالات کے جواب دیتی ہے۔

یہ سروس مریضوں اور ان کے گھرانوں سمیت سب لوگوں کی مدد کرتی ہے۔

پیر تا جمعہ صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک **1300 802 133** پر کال کریں

یہ Voluntary Assisted Dying Act 2022 (اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت کے ایکٹ 2022) کے تحت اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت کے عمل کے اہم مراحل کا خلاصہ ہے۔ یہ خلاصہ صرف عمومی رہنمائی کے لیے دیا گیا ہے اور یہ ان تمام حالات کا احاطہ نہیں کرتا جو ایک مریض کے اپنی مرضی سے مدد کے ساتھ موت کے انفرادی عمل میں پیش آ سکتے ہیں۔